NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

# NSW کے پبلک سکولوں میں زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم - والدین اور کیئررز کے لیے گائیڈ

زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم (High Potential and Gifted Education (HPGE)) سے NSW کے پبلک سکولوں میں تمام طالبعلموں کی خاص تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملتی ہے لہذا طالبعلموں کو دلچسپ اور چیلنجوں سے بھرپور تعلیم میسّر آتی ہے۔ اس تعلیم میں صلاحیتوں کی چار ڈومینز (قسموں) کو مدنظر رکھا جاتا ہے: تخلیقی، عقلی، جسمانی اور سماجی و جذباتی۔

## صلاحیتوں کی 4 ڈومینز

صلاحیتوں کی ڈومینز سے مراد انسانوں کی قدرتی اہلیتوں کی 4 بنیادی قسمیں ہیں۔ یہ صلاحیتیں اکثر کسی حد تک ایک ساتھ پائی جاتی ہیں اور ایک صلاحیت سے دوسری پر بہت اثر پڑتا ہے۔ صلاحیتوں کی ڈومینز یہ ہیں:

**تخلیقی ڈومین** - یہ وہ اہلیتیں ہیں جن کا تعلق تخیّل، اختراع اور نئے خیالات پیش کرنے سے ہے۔ یہ اہلیتیں بچوں کے کہانیاں لکھنے، گیتوں کی دھن بنانے، پوسٹر کی ڈرائنگ بنانے، ریاضی کے سوال کا کوئی منفرد حل نکالنے یا ڈانس کی کوریوگرافی میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

**عقلی ڈومین** - یہ وہ اہلیتیں ہیں جن کا تعلق پیچیدہ خیالات، مسائل حل کرنے اور علم کے اطلاق سے ہے۔ مثال کے طور پر ایک بچہ تیزی اور آسانی سے سیکھتا ہے یا فلسفے، سائنس یا کتابوں کی گہری فہم دکھاتا ہے۔

**جسمانی ڈومین** - یہ وہ قدرتی اہلیتیں ہیں جن کا تعلق انسانی حرکت سے ہے۔ مثال کے طور پر کھیلوں کی سرگرمیاں، سلائی، ترکھان کا کام یا انجینئرنگ۔ یہ اہلیتیں کمرۂ جماعت اور کھیل کے میدان میں یا سکول میں غیر نصابی سرگرمیوں اور کمیونٹی میں مختلف مواقع اور مقابلوں میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

**سماجی و جذباتی ڈومین** - یہ وہ اہلیتیں ہیں جن کا تعلق اپنے جذبات کو سنبھالنے اور دوسروں کے ساتھ واسطے سے ہے۔ یہ اہلیتیں ہم جماعتوں، اساتذہ اور والدین یا کیئررز کے ساتھ واسطوں میں دکھائی جا سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایک بچہ بہت پراعتماد اور دوسروں کی قیادت اور دوسروں کے ساتھ کام کرنے میں بہت اچھا ہو سکتا ہے یا یا نئے کاروبار شروع کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔

## سکول زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی مدد کیسے کرتے ہیں

ایک بچے کی صلاحیتیں دوسرے بچوں سے مختلف ہو سکتی ہیں لہذا بچوں کو مختلف قسموں کی مدد اور تدریس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ جیسے:

**زیادہ باصلاحیت طالبعلم** وہ طالبعلم ہیں جن کی اہلیت ان کے ہم عمر طالبعلموں سے زیادہ ہے اور جنہیں چیلنج کیے جانے کا زیادہ فائدہ ہو سکتا ہے۔

**ذہین طالبعلم** وہ طالبعلم ہیں جن کی اہلیت ان کے ہم عمر طالبعلموں سے بہت زیادہ ہے اور مواقع ملنے پر جن کی قابلیت تیزی سے اور آسانی سے بڑھتی ہے۔

**نہایت ذہین طالبعلم** وہ طالبعلم ہیں جن کی اہلیت غیر معمولی ہے اور جنہیں اپنی بڑھی ہوئی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے زیادہ ایڈجسٹمنٹس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

سکول زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کو  کئی مختلف تدریسی طریقوں اور پروگرامز کے ذریعے مدد دیتے ہیں۔ ان میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- طالبعلموں کو چیلنج کرنے والے اور شوق دلانے والے اسباق
- صلاحیتوں کو ابھارنے والی سرگرمیاں اور غیر نصابی پروگرامز
- ایک جیسی اہلیتیں رکھنے والے طالبعلموں کو ایک گروپ میں اکٹھا کیا جائے
- جب مناسب ہو، ایڈوانسڈ تعلیمی پاتھ ویز جیسے ایکسلریشن (نصاب کو زیادہ تیزی سے مکمل کرنا)
- ویل بینگ (اچھی کیفیت) اور سوشل صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد۔

مقصد یہ ہے کہ طالبعلموں کو زیادہ باصلاحیت ہونے سے بڑھا کر اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے طالبعلم بنایا جائے - خواہ یہ سائنس، ٹیکنالوجی، انجینیئرنگ اور ریاضی، زبانوں، فنون، کھیل، قیادت یا کسی دوسرے شعبے میں ہو۔

## ہر طالبعلم منفرد ہے

زیادہ باصلاحیت طالبعلموں کا تعلق کسی بھی پس منظر سے ہو سکتا ہے اور یہ معذور یا مختلف تہذیبی اور لسانی گروہوں کا پس منظر رکھنے والے طالبعلم بھی ہو سکتے ہیں۔ ان میں سے کچھ سکول میں پہلے ہی بہت کامیاب ہوتے ہیں جبکہ کچھ کو اپنی بہترین کارکردگی دکھا پانے کے لیے اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ یہ ایک عام غلط فہمی ہے کہ ذہین طالبعلموں کو مدد کی ضرورت نہیں ہوتی، کیونکہ کچھ ذہین طالبعلموں کو سکول میں دلچسپی برقرار رکھنے اور کامیاب رہنے کے لیے خاص قسم کی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## اگر آپ کے خیال میں آپ کے بچے کے زیادہ باصلاحیت یا ذہین ہونے کا امکان ہے تو آپ کو کیا کرنا چاہیے

اگر آپ کے خیال میں شاید آپ کا بچہ زیادہ باصلاحیت یا ذہین ہے تو براہ مہربانی اپنے بچے کے استاد سے بات کریں۔ استاد سے بات کرتے ہوئے اپنے بچے کے ایسے کاموں یا عادتوں کی مثالیں دیں جو کسی بھی ڈومین میں زیادہ باصلاحیت یا ذہین ہونے کے آثار ہوں۔

والدین اور کیئررز اپنے بچے کی تعلیم میں دلچسپی لے کر، اپنے بچے کے متعلق اپنے مشاہدے بتا کر اور سکول کے ساتھ پارٹنرشپ میں کام کرنے کے ذریعے ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

## HPGE پالیسی

پورے NSW میں ہر پبلک سکول میں زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم کی پالیسی موجود ہے۔ اس سے اساتذہ کو یہ جانچنے اور طے کرنے میں مدد ملتی ہے کہ زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلم کیا ضروریات رکھتے ہیں اور انہیں نشوونما اور کامیابی کے مواقع کیسے دلائے جا سکتے ہیں۔

## مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں۔

- NSW میں ہر پبلک سکول HPGE سرگرمیاں پیش کرتا ہے۔ براہ مہربانی مزید تفصیلات کے لیے اپنے بچے کے سکول کی ویب سائیٹ دیکھیں۔
- شاید آپ اپنے بچے کے اساتذہ سے بات کر کے معلوم کرنا چاہیں کہ سکول زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کو کیسے مدد دیتا ہے۔
- ڈیپارٹمنٹ کی زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم کی ویب سائیٹ پر پالیسی اور وسائل کے متعلق معلومات حاصل کریں۔

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو زیادہ باصلاحیت اور ذہین طالبعلموں کی تعلیم کے متعلق بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں، آپریٹر کو اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔

آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپکی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔